راولپنڈی بورڈ

اُردو (گروپ۔ فرسٹ) (انشائیہ)

(نیو کورس 2023 سالانہ)

وقت: 2:10 منٹ — کل نمبر: 60

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے) 10

(حصہ نظم)

i۔ تو ہی نظر آتا ہے ہر شے پہ محیط اُن کو
جو رنج و مصیبت میں کرتے ہیں گلہ تیرا

ii۔ جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر
یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

iii۔ سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی
یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

iv۔ ہے لازوال عہدِ خزاں اُس کے واسطے
کچھ واسطہ نہیں ہے اُسے برگ و بار سے

(حصہ غزل)

v۔ ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

vi۔ ہمیشہ لکھے وصفِ دندان تار
قلم اپنا موتی پرویا کیا

vii۔ ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار
یاالٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح سے پہلے حوالہ متن (سبق کا نام، مصنف کا نام) اور خط کشیدہ الفاظ کے معنی بھی لکھیے۔ 10

(الف) محنت مزدوری کرنے والے لوگ اور وہ جو کہ اپنی روزانہ محنت سے اپنی بسر اوقات کا سامان مہیا کرتے ہیں۔ بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔ محنت کرنا اور سخت سخت کاموں میں ہر روز لگے رہنا گویا ان کی طبیعت ثانی ہو جاتی ہے۔

(ب) ایک مقنن ایک اصول قائم کرتا ہے۔ دوسرا اس کو توڑ دیتا ہے۔ کیا وجہ ہے کہ ہم اپنی رائے کو کسی دوسرے کی تجویز کا پابند کریں۔ میں نے برابر والے سے پوچھنے کی کوشش بھی کی کچھ اِدھر اُدھر نگاہ بھی دوڑائی۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے۔ 2x5=10

i۔ سراقہ بن جعشم کیسے تائب ہوا؟

ii۔ سبق ''مرزا غالب کے عادات و خصائل'' کس کتاب سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

iii۔ خواجہ صاحب اپنے اُس شاگرد سے کیا کہا کرتے تھے، جو اکثر بے روزگاری کی شکایت سے سفر کا ارادہ کیا کرتے تھے؟

vi۔ ''آرام و سکون'' میں بیماری کے باوجود میاں دفتر جانے کے لیے کیوں تیار ہو جاتا ہے؟

v۔ مضمون نگار کے والد نے کس طرح اُسے تسلی دی؟

vi۔ نظم ''حمد'' میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی کون سی صفات بیان کی ہیں۔ (کوئی دو صفات)

vii۔ علامہ محمد اقبال کی نظر میں کس کے گلستان میں فصلِ خزاں کا دور ہے؟

viii۔ بہادر شاہ ظفر کو باغباں اور صیاد سے کیا گلہ ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیں۔ 5 (الف) کاہلی (ب) قدر ایاز

6۔ نظم ''نعت'' کا مرکزی خیال یا خلاصہ تحریر کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 5

7۔ تاجر کتب کے نام کتابیں منگوانے کے لیے خط تحریر کریں۔

یا

سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے ہیڈ ماسٹر صاحب کی خدمت میں درخواست تحریر کیجیے۔

8۔ گاہک اور ہوٹل مینیجر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔

یا

''قوم کی خاطر ایثار'' کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔

9۔ درج ذیل جملوں کی درستگی کیجیے۔ 5

i۔ میں نے فرحان دیکھا۔
ii۔ میں نے کتاب پڑھنا ہے۔
iii۔ دل نے چاہا تو ضرور آؤں گا۔
iv۔ فوج نے حملہ کیے۔
v۔ حسیب، منیب اور مجیب آیا۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

i۔ صورت نہ شکل ________۔
ii۔ طویلے کی بلا ________۔
iii۔ شیخی اور ________۔
iv۔ بلی کے بھاگوں ________۔
v۔ تخم تاثیر ________۔

www.ilmkidunya.com